سوال

برے خواب آنا اوران کا نقصان پہنچانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر براخواب آجائے اورڈرجائیں توکیا کریں ۔ ؟ کیا برے خواب نقصان پہنچاتے ہیں ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

براخواب دیکھنے کی صورت میں اٹھ کراپنے بائیں طرف تین بار تھوک کر شیطان سے اللہ کی پناہ مانگیں ۔

یہ اوراس طرح کی دوسری غلط قسم کی خوابیں شیطان کی جانب سے ہیں ، اگر مسلمان اس طرح کی خواب دیکھے تواس کےلیے مشروع یہ ہے کہ وہ اپنے بائیں جانب تین بار تھوتھو کرتا ہوا شیطان اورجوکچھ دیکھا ہے اس کے شر سے پناہ مانگے ، پھراپنی دوسری کروٹ پرہوکر سوجائے تویہ اسے کوئی ضرر نہیں پہنچائیگی ، اوریہ خواب کسی شخص کونہ بتائے کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

" نیک اورصالح خواب اللہ کی جانب سے ہیں ، اوربرے خواب شیطان کی جانب سے ، چنانچہ جب تم میں سے کوئی شخص براخواب دیکھے تووہ اپنی بائیں جانب تین بار تھوتھو کے اور شیطان اوراس کے شر سے تین بارپناہ مانگے تووہ اسے کوئی ضرر نہیں دے گی "

صحیح بخاری کتاب بدء الخلق حدیث نمبر (3049) ۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی